SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

April 26, 2017

***For immediate release***

**ایس ای سی پی اور پنجاب انفرمیشن ٹیکنالوجی بورڈ مفاہمتی یاداشت پر دستخط**

اسلام آباد (اپریل 26 ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے پنجاب ٹیکنالوجی انفرمیشن بورڈ کے ساتھ ایک مفاہمتی یاداشت پر دستخط کئے ہیں جس کے تحت ایس ای سی پی پنجاب انفرمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو کارپوریٹ ڈیٹا فراہم کرے گا جو حکومت پنجاب کے بزنس رجسٹریشن پورٹل کے لئے استعمال کیا جاسکے گا۔

وڈیو کانفرنس کے ذریعے منعقد ہونے والی اس تقریب میں ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر حجازی اور پنجاب ٹیکنالوجی بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر عمر سیف نے مفاہمتی یاداشت پر دستخط کئے۔ مفاہمتی یاداشت کے تحت پنجاب انفرمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے بزنس رجسٹریشن پورٹل اور ایس ای سی پی کے ای سروسز سسٹم کے مابین ایک آن لائن انٹرفیس قائم کیا جائے گا جس کے ذریعے انفرمیشن ٹیکنالوجی بورڈ ایس ای سی پی کے کمپنیوں کی رجسٹریشن کے ڈیٹا تک رسائی حاصل کر سکے گا۔ اس کے بعد صوبائی حکومت کے مختلف رجسٹریشن کے پراسیس کی انٹگریشن کر دی جائے گی اور اسے وفاقی اداروں بشمول ایس ای سی پی کے ساتھ منسلک کر دیا جائے گا۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ورلڈ بینک کی کاروبار میں آسانی کی درجہ بندی میں کل ایک سو اکانوے ممالک میں، پاکستان کا نمبر ایک سو چوالیسواں ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے بزنس رجسٹریشن کے سسٹم کی انٹگریشن کر کے اس درجہ بندی کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ اس سے پہلے ایس ای سی پی اپنا ای سروسز کے سسٹم کو ایف بی آر کے سسٹم کے ساتھ کامیابی کے ساتھ انٹگریٹ کر چکا ہے اور اب کمپنی کی رجسٹریشن اور ٹیکس نمبر بیک وقت حاصل کئے جاسکتے ہیں۔